سری لنکا کے صدر کا ہندوستان کا سرکاری دورہ (21 جولائی 2023)

18جولائی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی دعوت پر سری لنکا کے صدر عزت مآب جناب رانیل وکرماسنگھے، 21 جولائی 2023 کو ایک سرکاری دورے پر ہندوستان آئیں گے۔ موجودہ ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد صدر وکرم سنگھے کا ہندوستان کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔

اپنے دورے کے دوران صدر وکرما سنگھے صدر شریمتی دروپدی مرمو سے ملاقات کریں گے۔ علاوہ ازیں وہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم اور دیگر ہندوستانی معززین کے ساتھ باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بات چیت کریں۔

سری لنکا ہندوستان کی پڑوس کی پہلی پالیسی اور ویژن ساگر میں ایک اہم شراکت دار ہے۔ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی کو مزید تقویت دے گا اور مختلف شعبوں میں بہتر رابطے اور باہمی فائدہ مند تعاون کے راستے تلاش کرے گا۔

نئی دہلی
18 2023 جولائی